نظامت جنگلات مظفر آباد

بینک روڈ مظفر آباد فون نمبر 05822-920540

☆☆☆

شارٹ ٹینڈر نوٹس

(Single Stage One Envelop Procedure)

نظامت جنگلات مظفر آباد (Employer)، مجاز اتھارٹی کی منظوری سے فاریسٹ ریکریشنل پارک بھروڑہ چھتر کلاس کو (Single Stage One Envelop Procedure) کے تحت حکومتی نوٹیفکیشن زیر نمبر SF/(1)25/2022 مورخہ 10-3-2022 کی روشنی میں عرصہ 30 سال کے لیے سالانہ کرایہ پر Lease out کرنے کا خواہاں ہے۔ جس کے لیے خواہشمند بڈرز، فرمز یا کمپنیاں سربمہر لفافہ کے ذریعے اپنی پیشکش ہا مقررہ تاریخ و وقت تک بذیل Terms & Conditions کے تابع پیش کر سکتی ہیں؛۔

Terms & Conditions

1۔ ایسے تمام اہل اشخاص، فرمز یا کمپنیز جنہیں تفریحی پارک یا اس جیسے منصوبہ جات کے انتظام وانصرام کا تجربہ ہو اور جو مالی طور پر مستحکم ہوں اس بڈنگ میں حصہ لے سکتے ہیں۔

2۔ خواہشمند بڈرز تفریحی پارک کی جگہ کا ملاحظہ کر سکتے ہیں نیز ضروری معلومات دفتر نظامت جنگلات مظفر آباد بینک روڈ مظفر آباد/ دفتر مہتمم جنگلات جہلم ویلی ڈویژن بمقام رشید آباد سے حاصل کر سکتے ہیں۔

3۔ خواہشمند بڈرز یا ان کے نمائندے تحریری درخواست (نمائندہ ہونے کی صورت میں -/100 روپے کے پاور آف اٹارنی) کے ہمراہ بڈنگ ڈاکومنٹ کا مکمل سیٹ بالعوض مبلغ -/5000 روپے (ناقابل واپسی) دفتر نظامت جنگلات مظفر آباد، بینک روڈ مظفر آباد فون نمبر 05822-920540 سے مورخہ 26-10-2026 تک دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کر سکتے ہیں۔

4۔ خواہشمند بڈرز نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) ہونا لازمی ہے۔

5۔ خواہشمند بڈرز ناظم جنگلات مظفر آباد کے نام کسی بھی شیڈول بینک سے مبلغ 17 لاکھ روپے مالیت کی Bid Security دینے کے پابند ہونگے۔ Bid Security کی کال ڈیپازٹ پر بڈر، فرمز یا کمپنیز کا نام ہونا ضروری ہے۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ کنٹریکٹ کی سالانہ مالیت کا 10% بطور پرفارمنس سیکیورٹی سالانہ بنیادوں پر بنک گارنٹی یا کسی شیڈول بینک کی CDR (یکبارگی) کی شکل میں ناظم جنگلات مظفر آباد کے نام دینے کا پابند ہوگا۔

7۔ کسی بھی سرکاری/ نیم سرکاری ادارے سے بلیک لسٹ ہونیوالا شخص، فرم یا کمپنی Bid میں حصہ لینے کی اہل نہیں ہوگی۔ Bid کے ہمراہ سٹام پیپر پر Affidavit شامل کرنا لازمی ہوگا

8۔ تمام خواہشمند بڈرز اپنی بڈز مورخہ 27-10-2026 دن (.p.m)3:00 تک نظامت جنگلات مظفر آباد بینک روڈ مظفر آباد پہنچانے کا ذمہ دار ہوگا۔ وصول شدہ بڈز اسی دن بوقت (.p.m)3:30 بجے بڈرز یا ان کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولی جائیں گی۔

9۔ متعلقہ کام کا تجربہ، مالی حیثیت، متعلقہ یا اس سے ملتے جلتے فیلڈ میں ماضی کی کامیاب پرفارمنس، مستقبل میں پارک کے بہتر انتظام وانصرام کا پرپوزل اور Most Advantageous Offer of Payment to Government ٹیکنیکل اور فنانشل Evaluation کا Critaria ہوگی۔

10۔ تمام خواہشمند بڈرز بڈنگ ڈاکومنٹ میں طلب کیئے گئے ڈاکومنٹس معہ دستاویزی ثبوت مہیا کرنے کے پابند ہونگے۔ ناکامی کی صورت میں ایسی بڈز ابتدائی مرحلہ پر ہی Rejected تصور ہونگی۔

(جاری)

11۔ تمام وصول شدہ بڈز کی Scrutiny، آزاد جموں وکشمیر PPRA رُولز 2017ء کی روشنی میں ہوگی۔

12۔ تمام حکومتی ٹیکسز لاگو ہونے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ انہیں ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

13۔ کامیاب بولی دہندہ، ناظم اعلیٰ جنگلات (مجاز اتھارٹی) کی منظوری سے تفریحی پارک کی حدود کے اندر سیاحوں کے لیے اضافی سہولیات معہ ٹولز وایکوپمنٹس تعمیر ونصب کر سکے گا۔ لیز/ٹھیکہ کی میعاد کی کامیاب تکمیل پر بڈر کی جانب سے تعمیر کیئے گئے Immoveable آئیٹمز حکومتی ملکیت تصور ہونگی۔

14۔ مجاز اتھارٹی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ AJK PPRA رولز 2017ء کے رول نمبر 33 کے تحت وجوہات تحریر کرتے ہوئے کسی ایک ٹینڈر یا تمام ٹینڈرز کو منسوخ کر سکے۔

15۔ یہ کہ لیز/ٹھیکہ کی مدت 30 سال ہوگی اور کامیاب بولی دہندہ کو سالانہ بنیادوں پر ایڈوانس کرایہ ادا کرنا ہوگا۔ مزید یہ کہ Employer اور Lessee کے مابین حکومتی پالیسی کی روشنی میں باہمی اتفاق سے ہر تین سال بعد لیز کے سالانہ کرایہ میں 10% اضافہ ہوگا۔

16۔ کامیاب بولی دہندہ ناظم اعلیٰ جنگلات (علاقائی) کے ساتھ ایگریمنٹ کرنے کے بعد کام شروع کرنے کا پابند ہوگا۔

17۔ یہ کہ مزید تفصیلات دفتر نظامت جنگلات مظفر آباد، بینک روڈ مظفر آباد سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

18۔ یہ کہ کامیاب بولی دہندہ تفریحی پارک بھروڑہ میں موجود درختان، زمین اور تعمیر کیئے گئے انفراسٹرکچر کو اصل حالت میں برقرار رکھنے، ان کی Maintenance اور ان کی حفاظت کا ذمہ دار ہوگا۔

19۔ یہ اشتہار AJK PPRA ویب سائیٹ www.ajkppra.gov.pk پر بھی دستیاب ہے۔

09/10/26

ناظم جنگلات مظفر آباد